مسلمان، تعلیمی ترقی میں رکاوٹ کو حوصلوں سے دور کریں

علمی احتساب کئے بغیر ہم کسی میدان میں ترقی نہیں کر سکتے۔ مولانا فضل الرحیم مجددی کا خطاب

نئی بلی رجے پور، 21 مئی۔(ایس این بی/ایجنسیز) مسلمانوں سے جوش وخروش، عزم اور حوصلوں کے ساتھ تعلیم کے میدان میں سرگرم رول ادا کرنے اور اپنے اندر حوصلہ پیدا کرنے کی اپیل کرتے ہوئے آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے جنرل سکریٹری مولانا فضل الرحیم مجددی نے کہا کہ قومیں حوصلوں سے ترقی کے منازل طے کرتی ہیں۔ عبدالرحیم ایجوکیشنل ٹرسٹ کے چیرمین اور امام ربانی گروپ آف اسکول کے سربراہ مولانا مجددی نے کہا کہ وہی قوم مہذب اور ترقی یافتہ ہوتی ہیں جو اپنی تہذیب و شعار کو کبھی فراموش نہیں کرتی۔ مسلمانوں کے شاندار ماضی اور علمی تابناکی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ ایک وہ تھا جب برطانیہ شاہ جارج ثانی اپنی بچوں کی تعلیم وتربیت کیلئے مسلمانوں کے ادارے میں بھیجتے تھے اور مسلمانوں کے اداروں میں تعلیم دلانے کے خواہش مند ہوتے تھے۔ لیکن مسلمانوں میں تعلیمی زوال کا یہ عالم ہے کہ ان کے پاس اعلی معیار کا کوئی ادارہ نہیں ہے اور اپنے بچوں کی تعلیم کیلئے غیروں کے ادارے میں بھیجنے پر مجبور ہیں جس کی وجہ سے کئی طرح کی روح فرسا خبریں سامنے آتی ہیں۔ انہوں نے مسلمانوں کے موجودہ رویہ پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ آج ہم مغرب اور یوروپ کی غلامی کرنا باعث فخر سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ علمی احتساب کئے بغیر ہم کسی میدان میں ترقی نہیں کر سکتے۔ ساتھ انہوں نے اسکول میں بہترین نمبرات حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کے درمیان 42 ہزار روپے کے انعامات بھی تقسیم کئے۔ عبدالرحیم ایجوکیشنل ٹرسٹ کی وائس چیرمین ڈاکٹر ثمرہ سلطانہ نے مولانا فضل الرحیم کے حوصلوں کی اڑان کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ جب ایک شخص اتنے ادارے قائم کرسکتا ہے تو پورا معاشرہ مل کر کتنے اسکول، کالج اور یونیورسٹیاں قائم کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس قوم کی تعلیمی زبوں حالی لائق صد افسوس ہے جس کی ابتدا اقرا سے ہوئی ہو۔ اسکول کے سکریٹری اور پرنسپل ڈاکٹر محمد شعیب نے بہترین کارکردگی پر بچوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ شاندار نتائج بچوں، والدین اور اساتذہ کی مشترکہ محنت کا نتیجہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محنت اتنی خاموشی سے کرو کہ کامیابی شور مچانے لگے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک آپ کی مخالفت نہیں ہوگی آپ کامیاب نہیں ہوسکتے۔ مولانا شرف عالم قاسمی نے اسکول کی کارکردگی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ مولانا فضل الرحیم نے جو کارنامہ انجام دیا ہے وہ قابل تحسین ہے اور اس میں مولانا کی انتھک جدوجہد محنت شامل ہے جس کی وجہ اسکول کی کارکردگی شاندار رہی۔ معروف سماجی کارکن نعیم علیانہ نے بچوں کی کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اس میں بچے، اساتذہ اور والدین کی مشترکہ محنت شامل ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے طالبات سے مخاطب ہوئے کہا کہ آپ کا عمل دوسروں کے لئے مثال بننا چاہئے نہ کہ آپ کے عمل سے والدین لڑکیوں کو تعلیم دینا ترک کردیں۔ مولانا شرف عالم قاسمی، الیاس قریشی، نعیم علیانہ اور مولانا عطاء الرحیم کے ہاتھوں بچوں کو ٹرافی اور سرٹی فیکٹ تقسیم کی گئی۔ اہم شرکا میں مولانا حبیب الرحیم مجددی، مولانا شمشاد ندوی قاضی شریعت دارالقضا مسلم پرسنل لا بورڈ اور شہر کے عمائدین شامل تھے۔

بارہ مولہ نشست پر 59 فیصد ووٹنگ ریکارڈ، نئی تاریخ رقم: سی ای او

سری نگر، 21 مئی۔(ایجنسیز) شمالی کشمیر کی پارلیمانی نشست پر 59 فیصد ووٹنگ ریکارڈ ہوئی ہے جو انتخابی تاریخ میں 1967 کے بعد سے سب سے زیادہ ہے۔ چیف الیکٹورل آفیسر پی کے پول نے ایک پریس کانفرنس کے دوران جانکاری فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ بارہ مولہ پارلیمانی نشست پر کل ملا کر 59 فیصد ووٹنگ ریکارڈ ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سال 1967 میں اس نشست پر 51.35 ووٹنگ ہوئی تھی۔ چیف الیکٹورل آفیسر نے کہا کہ پولنگ کے پورے دن بارہ مولہ پارلیمانی نشست میں کوئی ناخوشگوار واقع پیش نہیں آئے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ بارہ مولہ کے لوگوں نے پارلیمانی نشست کے لئے اب تک کی سب سے زیادہ پولنگ درج کرائی اور اس طرح سے آج ایک نئی تاریخ رقم ہوئی ہے۔ ان کے مطابق اس حلقے میں 2103 پولنگ اسٹیشن قائم کئے گئے تھے جن کی نگرانی سی سی ٹی وی کے ذریعے دن بھر کی گئی تاکہ شفاف انتخابات ویقینی بنایا جاسکے۔ بعض مقامات پرست پولنگ کی کچھ شکایات کے باوجود پولنگ عملہ مستعدی اور موثر طریقے سے دن بھر کام کر رہا تھا۔ سی ای او نے بتایا کہ ہندواڑہ اسمبلی حلقے میں سب سے زیادہ پولنگ کا تناسب 67.5 فیصد ریکارڈ کیا گیا جبکہ گریز اسمبلی حلقہ میں سب سے کم ٹرن آوٹ دیکھا گیا ہے۔ بتادیں کہ بارہ مولہ پارلیمانی نشست پر سال 2019 میں 37.41 فیصد پولنگ ریکارڈ کی گئی سال 2014 میں 38.96 فیصد، سال 2009 میں 41.84، سال 2004 میں 35.65، سال 1999 میں 27.79، سال 1998 میں 41.49، سال 1996 میں 46.65 فیصد پولنگ ریکارڈ ہوئی تھی۔

کانگریس، ملک میں بدعنوانی کی بنیاد پر کام کرتی ہے: بھجن لال

نئی دہلی، 21 مئی۔(ایجنسیز) راجستھان کے وزیر اعلی بھجن لال شرما نے کانگریس پر ملک میں بدعنوانی اور خوشامد کی بنیاد پر کام کرنے کا الزام لگاتے ہوئے کہا کہ 2014 سے پہلے ملک کی حالت بگاڑنے والوں کے بارے میں عوام کو سوچنا ہوگا۔ مسٹر شرما لوک سبھا انتخابی مہم کے ایک حصے کے طور پر پیر کو نئی دہلی لوک سبھا سیٹ سے بی جے پی امیدوار بنسوری سوراج کی حمایت میں موتی نگر میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرر ہے تھے۔ 2014 سے پہلے ملک میں بہت زیادہ بدعنوانی تھی۔ اس حالت کو دیکھ کر قوم پرستوں کی آنکھوں میں آنسو آجاتے تھے۔ 2014 سے پہلے ملک میں عام لوگوں کو دہشت گردی کا سامنا تھا اور مختلف ریاستوں کو ماؤنوازی کے واقعات کا سامنا کرنا پڑتا تھا، لیکن آج دہشت گردی اور نکسل ازم نظر نہیں آتا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ ملک میں کانگریس بدعنوانی اور خوشامد کی بنیاد پر کام کرتی ہے۔

نوین پٹنائک کا بی جے پی پر بھگوان جگن ناتھ کی توہین کا الزام

مودی کو جگن ناتھ کے عقیدتمندوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچانے والے سمبت پاترا کو باہر کرنا چاہیے: کھیڑا

نئی دہلی/بھونیشور، 21 مئی۔(ایجنسیز) لوک سبھا انتخابات 2024 میں سیاسی جماعتوں کے درمیان لفظوں کی جنگ اپنے عروج پر ہے۔ ادھر اوڈیشہ کے وزیر اعلیٰ نوین پٹنائک نے بی جے پی پر بھگوان جگن ناتھ کی توہین کا الزام لگایا ہے۔ ان کے اس بیان پر دہلی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کا ردعمل بھی آیا ہے۔ عام آدمی پارٹی کے کنوینز اروند کیجریوال نے ایکس پر پوسٹ کیا کہ 'میں بی جے پی کے اس بیان کی سخت مذمت کرتا ہوں۔ اس نے سوچنا شروع کر دیا ہے کہ وہ بھگوان سے اوپر ہے۔ یہ انا کی بلندی ہے۔ مودی کو بھگوان کہنا بھگوان کی توہین ہے۔' اطلاعات کے مطابق اوڈیشہ کے وزیر اعلیٰ نوین پٹنائک نے انسٹاگرام پر ایک پوسٹ کے ذریعہ کہا کہ مہا پربھو شری جگن ناتھ کائنات کے بھگوان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہا پربھو کو انسان کا بھکت کہنا بھگوان کی توہین ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے بیانات سے دنیا بھر میں جگن ناتھ کے بھکتوں اور اڑیا لوگوں کے جذبات اور ایمان کو ٹھیس پہنچی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھگوان جگن ناتھ اڑیا شناخت کا سب سے بڑا نشان ہے۔ وزیر اعلیٰ پٹنائک نے کہا کہ 'میں پوری لوک سبھا سیٹ سے بی جے پی امیدوار کے بیان کی سخت مذمت کرتا ہوں۔' اس کے ساتھ انہوں نے کہا کہ وہ بی جے پی سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ بھگوان کو کسی بھی سیاسی بیان بازی سے بالاتر رکھیں۔ وزیر اعلیٰ پٹنائک نے کہا کہ ایسا کرکے آپ نے اڑیا شناخت کو گہری ٹھیس پہنچائی ہے اور اوڈیشہ کے لوگ اسے طویل عرصے تک یاد رکھیں گے اور اس کی مذمت کریں گے۔ کانگریس لیڈر سری نواس نے پوری لوک سبھا سیٹ سے بی جے پی امیدوار سمبت پاترا کا ایک ویڈیو شیئر کیا ہے۔ اس ویڈیو میں سمبت پاترا اڑیا زبان میں کچھ کہتے نظر آرہے ہیں۔ کہا جا رہا ہے کہ پاترا نے اپنے بیان میں بھگوان جگن ناتھ کو مودی کا بھکت بتایا ہے۔ کانگریس کی ترجمان سپریا شرینیت نے بھی اس ویڈیو کو شیئر کیا اور لکھا کہ پربھو جگناتھ مودی کے بھکت ہیں۔ بی جے پی والوں کو کیا ہوگیا ہے؟ ہمارے بھگوان کی ایسی توہین؟ یہ تکبر ختم ہو جائیگا۔ کانگریس نے کہا ہے کہ بی جے پی کے لیڈر اور پوری پارلیمانی حلقہ سے پارٹی کے امیدوار سمبت پاترا نے بھگوان جگن ناتھ کے بارے میں جو الفاظ کہے اس سے عقیدت کو ٹھیس پہنچی ہے اور وزیر اعظم نریندر مودی کو مسٹر پاترا کو فوری طور پر پارٹی سے نکال دینا چاہئے۔ پون کھیڑا نے کہا کہ بھگوان جگناتھ کیلئے مسٹر پاترا کے کہے گئے الفاظ سے کروڑوں عقیدت مندوں کو تکلیف پہنچی ہے۔ ان کی عقیدت سے کھلواڑ ہوا ہے۔ اگر وہ کانگریس میں ہوتے تو اب تک انہیں باہر نکال دیا جاتا، اس لیے مسٹر مودی کو مسٹر پاترا کو پارٹی سے نکالنے ہمت کر کے بھگوان جگن ناتھ کے بھکتوں سے معافی مانگنی چاہیے۔ انہوں نے ایکس پر لکھا کہ اگر سمبت پاترا کانگریس میں ہوتے تو یوں بھگوان جگناتھ کے کروڑوں عقیدت مندوں کی عقیدت سے کھلواڑ کرنے پر فوری طور پر پارٹی سے باہر کردیئے جاتے۔ وزیر اعظم جی، ہمت دکھائیے اور سمبت پاترا کو پارٹی سے باہر نکالئے اور ملک اور بیرونی ممالک میں خالق کائنات بھگوان جگن ناتھ کے کرورڑوں بھکتوں سے معافی مانگئے۔ واضح رہے کہ مسٹر پاترا نے کل پوری میں وزیر اعظم کے روڈ شو کے بعد کہا تھا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے بھگوان جگن ناتھ بھکت ہیں۔

قوم کی طاقت ثقافتی وراثت میں پنہاں: اجئے بھٹ

نئی دہلی، 21 مئی۔(ایجنسیز) وزیر مملکت برائے دفاع اجے بھٹ نے کہا ہے کہ کسی ملک کی سلامتی کی مضبوطی نہ صرف اس کی فوجی طاقت میں ہے بلکہ ثقافتی وراثت کو طاقت کے ذریعہ استعمال کرنے کی صلاحیت میں بھی ہے۔ وزارت دفاع نے منگل کو جاری کردہ ایک ریلیز میں کہا کہ 'پروجیکٹ ادبھاؤ' کے ایک حصے کے طور پر آج یہاں نیشنل میوزیم میں 'ہندوستانی اسٹریٹجک ثقافت کے تاریخی نمونوں' پر ایک سیمینار اور نمائش کا اہتمام کیا گیا، جس میں وزیر مملکت برائے دفاع اجے بھٹ بھی مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے۔ وزیر مملکت برائے دفاع نے اپنے خطاب میں ہندوستانی فوج اور یونائیٹڈ سروس انسٹی ٹیوشن آف انڈیا (یوایس آئی) کی 'پروجیکٹ ادبھاو' پہل کی تعریف کی۔ اس اقدام کا مقصد ملک کی قدیم تحریروں اور زبانی روایات کو تلاش کرنا ہے تاکہ ملک کی قدیم ثقافت میں انمول علم کو دریافت کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ جغرافیائی سیاسی منظر نامہ مسلسل تبدیل ہورہا ہے اور اس کے پیش نظر ہماری مسلح افواج کے اپروچ میں موافقت اور جدت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا "ہماری قدیم تحریروں اور روایات کی گہرائیوں میں جا کر ادبھاو یہ جیسے منصوبے نہ صرف ہماری اسٹریٹیجک ثقافت کے بارے میں ہماری سمجھ کو تقویت بخشتے ہیں بلکہ غیر روایتی جنگی حکمت عملیوں، سفارتی طریقوں اور جنگ میں اخلاقی تحفظات کے بارے میں بھی قیمتی معلومات فراہم کرتے ہیں۔ یہ نہ صرف اس کی فوجی طاقت میں ہے بلکہ اس میں بدلتے ہوئے حالات کے مطابق ڈھالنے اور ثقافتی وراثت سے فائدہ اٹھانے کی صلاحیت بھی شامل ہے۔ انہوں نے 'پروجیکٹ ادبھاو' جیسے اقدامات کو ایک ایسے مستقبل کی رہنمائی کے طور پر بیان کیا جہاں ہندوستان خود انحصاری اور اپنی ثقافتی وراثت میں گہری جڑیں رکھتا ہے۔ وزیر مملکت نے اس بات پر بھی زور دیا کہ خود انحصار ہندوستان کا جذبہ صرف ہندوستانی اشیاء کی پیداوار اور استعمال تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ یہ ہندوستانی سوچ اور اقدار کے جوہر کو موجودہ اعمال اور فیصلوں میں شامل کرنے کی مخلصانہ کوشش بھی ہے۔ ترقی یافتہ ہندوستان کا ہدف صرف اسی وقت حاصل کیا جاسکتا ہے جب پوری قوم قدیم ماضی کے انمول علم کو اپنے اندر سمیٹ لے اور اسے جدید دور کے عزائم اور پالیسیوں کی تشکیل کے لیے سیاق وسباق کے مطابق استعمال کرے۔

رشوت کے معاملے میں سی بی آئی نے اپنے ہی اہلکاروں کے خلاف کی کارروائی

بھوپال/نئی دہلی، 21 مئی۔(ایجنسیز) مرکزی تفتیشی بیورو (سی بی آئی) نے مدھیہ پردیش کے ریاستی نرسنگ کالجوں کے ملازمین اور ریاست کے پٹواریوں کے ملوث ہونے کی سازش کا انکشاف کرتے ہوئے اپنے ہی کچھ ملازمین کے خلاف کارروائی کی ہے۔ نرسنگ کالجوں میں ہونے والی بے ضابطگیوں کی جانچ کے لیے ہائی کورٹ کی ہدایات کی تعمیل کرتے ہوئے، سی بی آئی، اینٹی کرپشن بیورو، بھوپال نے 7 کور ٹیمیں اور 4-3 معاون ٹیمیں تشکیل دی تھیں۔ جن میں افسران، مدھیہ پردیش کے نرسنگ کالجوں کے نامزد کردہ افسران اور پٹواری شامل تھے۔ مختلف ٹیموں کے ذریعہ کئے جانے والے معائنہ کی نگرانی کے دوران راہل راج، انسپکٹر، سی بی آئی سمیت ایک معاون ٹیموں میں سے ایک کے اہلکار بدعنوان سرگرمیوں میں ملوث پائے گئے۔ اسکے بعد، سی بی آئی کا اندرونی چوکسی کا طریقہ کار الرٹ ہوگیا اور انسپکٹر راہل راج سمیت 23 افراد کیخلاف مقدمہ درج کیا۔

چوتھی سہ ماہی میں سال کی کم ترین سطح پر رہ سکتی ہے جی ڈی پی شرح

انڈیا ریٹنگز کے بعد 'اکرا' نے بھی چوتھی سہ ماہی کیلئے جی ڈی پی کی شرح پچھلی 3 سہ ماہیوں سے کم کردی

نئی دہلی، 21 مئی۔(ایجنسیز) ملک کے جی ڈی پی کے سرکاری اعداد وشمار جاری ہونے میں تقریباً 10 دن باقی ہیں، کئی ایجنسیوں نے ہندوستان کی چوتھی سہ ماہی کے جی ڈی پی کا تخمینہ لگانا شروع کر دیا ہے۔ انڈیا ریٹنگ کے بعد اب اکرا (ICRA) نے تخمینہ جاری کیا ہے۔ اکرا کا کہنا ہے کہ ہندوستان کی چوتھی سہ ماہی میں جی ڈی پی کا ڈیٹا ایک سال میں اپنی کم ترین سطح پر رہ سکتا ہے۔ جو بہت بڑا دھچکا ہے۔ اس سے پہلے، ہندوستان کی جی ڈی پی کی شرح مسلسل 3 سہ ماہیوں میں 8 فیصد سے اوپر رہی تھی۔ اب اکرا کی طرف سے چوتھی سہ ماہی کا تخمینہ 6.7 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ دراصل گھریلو ریٹنگ ایجنسی اکرا نے کس طرح کے تخمینے لگائے ہیں، مالی سال 24-2023 کی جنوری-مارچ سہ ماہی میں ہندوستان کی مجموعی گھریلو پیداوار (جی ڈی پی) کی شرح نمو 4 سہ ماہی کی سب سے نچلی سطح 6.7 فیصد پر رہنے کا امکان ہے۔ اکرا کا اندازہ ہے کہ پورے مالی سال 24-2023 کے لیے جی ڈی پی کی شرح نمو 7.8 فیصد رہے گی۔ اکرا کی چیف اکانومسٹ (ہیڈ ریسرچ اینڈ آؤٹ ریچ) ادیتی نائر نے کہا کہ کم مقدار میں نمو کے ساتھ کچھ صنعتی شعبوں کے منافع میں کمی کے ساتھ ساتھ اشیا کی قیمتوں سے کم فائدہ مالی سال کی چوتھی سہ ماہی (جنوری-مارچ) میں گراوٹ کا باعث بنے گا۔ 24-2023 مارچ کی سہ ماہی میں ہندوستان کی GVA نمو میں کمی امید ہے۔ مالی سال 23-2022 کی جنوری-مارچ سہ ماہی میں ہندوستان کی جی ڈی پی میں 6.1 فیصد اضافہ ہوا تھا۔ پورے مالی سال 23-2022 کیلئے اضافہ 7 فیصد تھا۔ مالی سال 24-2023 کی چوتھی سہ ماہی میں جی ڈی پی اور مجموعی ویلیو ایڈیڈ (جی وی اے) کے درمیان فرق 100 بیس پوائنٹس (بی پی ایس) تک کم ہونے کا امکان ہے، جو پچھلی سہ ماہی میں خاص طور سے 185 بی پی ایس کی اعلی سطح پر تھا۔ واضح رہے کہ جی ڈی پی ایک مخصوص مدت میں تیار کردہ سامان اور خدمات کی کل قیمت ہے۔ جی وی اے جی ڈی پی کم خالص ٹیکس (مجموعی ٹیکس وصولی کم سبسڈی) ہے۔ دوسری طرف انڈیا ریٹنگز نے بھی چوتھی سہ ماہی کیلئے ایسا ہی تخمینہ لگایا تھا۔ انڈیا ریٹنگز اینڈ ریسرچ کے اعداد وشمار کے مطابق مارچ کی سہ ماہی میں انڈیا کی جی ڈی پی گروتھ 6.7 فیصد ہو سکتی ہے۔ اگر ہم پورے مالی سال کی بات کریں تو جی ڈی پی کی شرح نمو 6.9 فیصد سے 7 فیصد تک ہوسکتی ہے۔ مالی سال 24-2023 کی جون سہ ماہی میں جی ڈی پی میں 8.2 فیصد، ستمبر کی سہ ماہی میں 8.1 فیصد اور دسمبر کی سہ ماہی میں 8.4 فیصد کی شرح سے اضافہ ہوا ہے۔

GROWTH
ECONOMY

ہندوستان میں الیکشن مذاق بن کر رہ گیا

نابالغ لڑکے نے بی جے پی کو 8 بار ووٹ ڈالا

فرخ آباد، 21 مئی۔(ایجنسیز) ہندوستان میں لوک سبھا کے الیکشن دنیا بھر میں مذاق بن گئے ہیں اتر پردیش میں ایک نابالغ لڑکے کی جانب سے بی جے پی کو 8 مرتبہ ووٹ ڈالنے کی ویڈیو نے سوشل میڈیا پر ہلچل مچا دی ہے۔ ملک میں جاری لوک سبھا کے مرحلہ وار الیکشن میں حکمران جماعت بی جے پی اپنا اقتدار برقرار رکھنے کیلئے مسلمانوں کے خلاف کھلے عام شر انگیز بیانات اور ہر قسم کے ہتھکنڈے استعمال کر رہی ہے اور اب ایک نئی ویڈیو نے اس کے مذموم مقصد کا دنیا بھر میں بھانڈا پھوڑ دیا ہے۔ میڈیا کے مطابق لوک سبھا الیکشن کے پانچویں مرحلہ میں اتر پردیش میں پولنگ کے دوران حکمران جماعت بی جے پی کی جانب سے دھاندلی کی ایک ایسی ویڈیو منظر عام پر آئی ہے جس نے پورے ہندوستان میں سیاسی ہلچل مچا دی ہے۔ یہ ویڈیو سماج وادی پارٹی کے صدر اور یوپی کے سابق چیف منسٹر اکھلیش یادو نے اپنے ایکس اکاونٹ پر شیئر کی ہے جس کو کانگریس نے بھی ری ٹویٹ کیا ہے۔ اس ویڈیو میں ایک نابالغ لڑکے کو حکمران جماعت بی جے پی کو ایک یا دو بار نہیں بلکہ 8 بار ووٹ ڈالتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ وہ بار بار پولنگ بوتھ پر آتا ہے اور ہر بار بی جے پی امیدوار مکیش راجپوت کو ووٹ دیتا ہے۔ ای وی ایم مشین پر لکھے گئے امیدواروں کے ناموں کو یہ واضح ہوتا ہے کہ ویڈیو فرخ آباد کے علی گنج اسمبلی کے ایک گاؤں کے پولنگ اسٹیشن کی ہے اور تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ ووٹ دینے والا لڑکا نابالغ یعنی ووٹ دینے کا اہل نہیں ہے۔ سوشل میڈیا پر ویڈیو وائرل ہونے کے بعد اتر پردیش کے چیف الیکٹورل آفس نے اس کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ ضلع الیکشن افسر کو فوری کارروائی کا حکم دیا ہے جب کہ اس معاملہ پر پولیس نے مقدمہ بھی درج کرلیا گیا ہے۔

چھتیس گڑھ میں سابق ایم ایل اے سمیت 10 افراد کیخلاف مقدمہ درج

بلاس پور، 21 مئی۔(ایجنسیز) چھتیس گڑھ کے پالی تانا کھار کے سابق ایم ایل اے موہت رام کیرکیٹہ اور ان کے بیٹے سمیت 10 لوگوں کے خلاف پولس نے عیسائی قبرستان کے نام پر درج اراضی کی خرید وفروخت کے معاملے میں مقدمہ درج کیا ہے۔ الزام ہے کہ کیرکیٹہ سمیت مذکورہ لوگوں نے بلاس پور میں عیسائی قبرستان کے نام رجسٹرڈ زمین کے ریونیو ریکارڈ میں جعلسازی اور سازش کرکے خرید وفروخت کی۔ عدالتی حکم کے بعد سول لائنز پولیس نے مقدمہ درج کرلیا۔ سال 2018 میں الیکشن جیت کر ایم ایل اے بننے والے موہت رام کو چیف منسٹر انفراسٹرکچر اپ گریڈیشن اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کا وائس چیرمین بنایا گیا اور انہیں وزیر مملکت کا درجہ دیا گیا تھا۔ الزام ہے کہ موہت رام نے اپنے عہدے کا غلط استعمال کرتے ہوئے بلاس پور کے کدودنڈ میں چرچ آف کرائسٹ مشن ان انڈیا کے قبرستان کے نام پر رجسٹرڈ تقریباً ایک ایکڑ زمین اپنے بیٹے شنکر کیرکیٹہ کے نام پر کی تھی۔

بلٹ ٹرین منصوبے کیلئے 76 ہزار سیگمنٹ بنائے جائیں گے

احمد آباد، 21 مئی۔(ایجنسیز) ممبئی-احمد آباد بلٹ ٹرین پروجیکٹ کیلئے 16 کلومیٹر طویل سرنگ کیلئے 76 ہزار سے زیادہ حصے بنائے جائیں گے۔ آج یہاں نیشنل ہائی اسپیڈ ریل کارپوریشن لمیٹڈ (این ایچ ایس آر سی ایل) کی طرف سے جاری کردہ ایک پریس ریلیز کے مطابق ممبئی-احمد آباد بلٹ ٹرین پروجیکٹ کیلئے باندرہ کرلا کمپلیکس اور شلفاٹا کے درمیان 21 کلومیٹر لمبی سرنگ کی تعمیر جاری ہے۔ کل لمبائی میں سے 16 کلومیٹر تین ٹنل بورنگ مشینوں (ٹی بی ایم) کے ذریعے کھدائی کی جائے گی، جبکہ بقیہ پانچ کلومیٹر نیو آسٹرین ٹنلنگ میتھڈ (این اے ٹی ایم) کے ذریعے تعمیر کی جائے گی۔

اکھلیش کی ریالی میں ہجوم کا ہنگامہ

اعظم گڑھ، 21 مئی۔(ایجنسیز) سماج وادی پارٹی (ایس پی) سربراہ اکھلیش یادو کی اعظم گڑھ ضلع کی پہلی ریالی میں ہی آج بیلگام میں ہجوم نے جم کر ہنگامہ کیا اور ریلی میں لگائی گئی کرسیوں کو توڑ کر ایک دوسرے پر پھینکا۔ اسٹیج سے کنوینز اور ایس پی سربراہ اکھلیش خود بھی سمجھاتے رہے لیکن بے لگام بھیڑ کا ہنگامہ جاری رہا۔ بھیڑ کو کنٹرول کرنے کے لئے سیکورٹی انتظام میں لگائے گئے پولیس اہلکار کو بھی مورچہ سنبھالنا پڑا۔ اسٹیج کے قریب پہنچنے کے لئے بھیڑ آپس بھی ہی ہاتھا پائی کرنے لگی۔ ان بے قابو افراد کو سنبھالنے کے لئے پولیس کو سخت محنت کرنی پڑی اور لاٹھیاں بھی چارج کرنی پڑی۔ پولیس کے ذریعہ کافی دیر تک لاٹھیاں چلانے کے بعد کسی طرح حالات کو قابو میں کیا گیا۔ چھٹے مرحلے میں 25 مئی کو اعظم گڑھ میں ووٹنگ ہوگی۔

بارہمولہ میں ریکارڈ ووٹنگ، دفعہ 370 کی منسوخی کا نتیجہ نہیں: عمر عبداللہ

سری نگر، 21 مئی۔(ایجنسیز) بارہمولہ نشست پر بھاری ووٹنگ ٹرن آٹ کو دفعہ 370 کی منسوخی کا نتیجہ قرار دینے پر وزیر اعظم نریندر مودی کے بیان کو حقیقت سے بعید قرار دیتے ہوئے جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس نائب صدر عمر عبداللہ نے کہا کہ حکومت کو بھاری ووٹنگ کا کوئی کریڈٹ نہیں ملتا ہے، عوامی نے حوصلے سے اپنے ووٹ کا استعمال کیا۔ انہوں نے سوال کیا کہ اگر بھاری ووٹنگ کو دفعہ 370 کیساتھ جوڑا جارہا ہے تو پھر 1990 سے پہلے ہونے والے انتخابات میں اس سے زیادہ ٹرن آٹ کیسے ممکن ہوپاتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں میں ہمت ہے اور انہوں نے اپنے ووٹ کا حق استعمال کیا۔ حکومت اس کا کریڈٹ نہیں لے سکتی، اگر وہ (بی جے پی) اسے آرٹیکل 370 سے جوڑنا چاہتے ہیں تو انہیں جواب دینا پڑے گا کہ 1990 سے پہلے ہونے والے انتخابات میں ٹرن آوٹ اس سے زیادہ تھا۔ مرکزی حکومت کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا کہ تمام فیصلے شاہی فرمانوں کی طرح جاری کر لئے جاتے ہیں، اچھی بات یہ ہے کہ ووٹنگ ہی آواز اٹھانے کا واحد ذریعہ ہے اور لوگوں نے اسے استعمال کیا۔

شاہجہاں شیخ جیسے غنڈے آسام میں ہوتے تو حساب کردیتا: سرما

کولکاتا، 21 مئی۔(ایجنسیز) آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے مغربی بنگال کے جنوبی 24 پرگنہ ضلع کے متھرا پور میں منگل (21 مئی) کو ایک جلسہ عام سے خطاب کیا۔ وہاں انہوں نے کہا کہ جب میں بنگال آیا، تو سب سے پہلے سندیش کھالی گیا، وہاں کی ماؤں اور بہنوں نے جو کچھ کہا وہ سن کر میرا دل دکھی ہوگیا۔ ماؤں بہنوں پر مظالم ہوتے ہیں، یہ سب شاہجہاں شیخ جیسے غنڈے کرتے ہیں، لیکن ممتا دیدی نے کوئی کارروائی نہیں کی۔ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے بسوا سرما نے کہا کہ اگر شاہجہاں شیخ جیسے غنڈے آسام میں ہوتے، تو میں 10 منٹ میں اس کا حساب کردیتا۔ میں ممتا دیدی کو بتانا چاہتا ہوں کہ اگر وہ شاہجہاں کے خلاف کارروائی نہیں کرسکتیں، تو شاہجہاں شیخ کو میرے حوالے کردیں، میں اسے آسام لے جاؤں گا۔

ممبئی: طیارہ کی زد میں آکر 36 سے زیادہ پرندے ہلاک

ممبئی، 21 مئی۔(ایجنسیز) ممبئی کے ہوائی اڈے پر لینڈنگ سے چند سیکنڈ قبل امارات کے ایک طیارہ کی زد میں آکر کم ازکم 36 فلیمنگو ہلاک ہوگئے ہیں۔ پیر کی رات ممبئی کے گھاٹ کوپر میں پنت نگر کے لکشمی نگر علاقے میں 310 مسافروں کو لے کر ممبئی آتا دبئی امارات جا رہی پرواز کی زد میں آکر یہ 36 فلیمنگو ہلاک ہوگئے۔ ممبئی کے ہوائی اڈے کے ذرائع نے بتایا کہ امارات کی پرواز نے رات 9.18 بجے پہنچتے پر ایک پرندے کے ٹکرانے کی اطلاع دی۔ جس طیارہ کو نقصان پہنچا تھا وہ ممبئی کے ہوائی اڈے پر بحفاظت اتر گیا، اور اسے فی الحال وہیں گراونڈ کیا گیا ہے۔ ایڈیشنل چیف کنزرویٹر آف فارسٹس نے کہا کہ اس علاقے میں 36 مردہ فلیمنگو ملے ہیں اور یہ جاننے کے لیے تلاش شروع کی گئی ہے کہ آیا مزید فلیمنگو مارے گئے ہیں۔ وہ ایک پرواز سے ٹکرا گئے، اور مزید متاثرہ فلیمنگو کی تلاش شروع کردی گئی ہے۔ ایئر پورٹ حکام نے پرندوں کی ہلاک ہونے کے بارے میں تصدیق کی ہے۔

جنوبی کشمیر میں بھی اچھی رائے دہی کی امید: غلام نبی آزاد

سری نگر، 21 مئی۔(ایجنسیز) ڈیموکریٹک پروگریسو آزاد پارٹی (ڈی پی اے پی) کے چیئرمین غلام نبی آزاد نے جنوبی کشمیر میں بھی بارہمولہ کی طرح اچھی رائے دہی کی امید ظاہر کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کم ووٹنگ شرح سے نہ امیدوار خوش ہوتا ہے اور نہ ہی لوگوں کو تسلی ہوتی ہے۔ موصوف چیئرمین نے ان باتوں کا اظہار منگل کو نامہ نگاروں کے ساتھ بات کرنے کے دوران کیا۔ میں نے پہلے ہی کہا تھا کہ شمالی کشمیر میں ووٹنگ کی شرح 60 سے 70 فیصد ہوگی اور میں امید کرتا ہوں کہ جنوبی کشمیر میں بھی 70 سے 80 فیصد پولنگ ریکارڈ ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ اچھی ووٹنگ شرح سے جیتنے والا امیدوار بھی خوش ہوتا ہے اور لوگوں کو بھی تسلی ہوتی ہے۔

میں آئندہ الیکشن لڑوں گا:

رابرٹ واڈرا

نئی دہلی، 21 مئی۔(ایجنسیز) کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی کے شوہر رابرٹ واڈرا نے کہا کہ میں دھرم کی سیاست نہیں کرتا، بلکہ سماجی خدمت کرتا ہوں۔ مجھے کسی عہدے کی خواہش نہیں ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ خوشی اور امن قائم رہے۔ واڈرا نے کہا کہ اگر راہل گاندھی وزیر اعظم بنتے ہیں تو وہ عوام کیلئے کام کریں گے۔ وہ بہت محنت کر رہے ہیں۔ ہم اکثریت کے ساتھ حکومت بنائیں گے اس دوران واڈرا نے الیکشن لڑنے کے بارے میں کہا کہ عوام چاہتے ہیں کہ میں الیکشن لڑوں لیکن میں اگلی بار لڑوں گا۔ میں مذہبی یاترا میں مصروف ہوں۔ راہل گاندھی اور راجیو گاندھی کے کام کرنے کے انداز کے بارے میں پوچھے گئے سوال پر انہوں نے کہا کہ دونوں کے کام کرنے کا انداز مختلف ہے۔ انہوں نے والد راجیو گاندھی، ماں سونیا اور دادی اندرا سے بہت کچھ سیکھا ہے، دونوں میں ایک ہی مماثلت ہے، وہ اپنے لیے نہیں بلکہ لوگوں کیلئے کام کرتے ہیں۔

پرجول کا سفارتی پاسپورٹ منسوخ کرنے مرکزی حکومت سے درخواست

بنگلورو، 21 مئی۔(ایجنسیز) کرناٹک کے وزیر داخلہ ڈاکٹر جی پرمیشور نے آج بتایا کہ ریاستی حکومت نے باضابطہ طور پر مرکزی حکومت سے سیکس ویڈیو اسکینڈل کے مرکزی ملزم ہاسن کے ایم پی پرجول ریونا کا سفارتی پاسپورٹ منسوخ کرنے کی درخواست کی ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے، ڈاکٹر پرمیشور نے پرجول کا گرفتاری وارنٹ جاری کرنے کی تصدیق کی اور کہا کہ ہم نے مرکزی حکومت سے ان کا پاسپورٹ منسوخ کرنے کی درخواست کا عمل شروع کر دیا ہے۔ ایک بار ایسا ہوجانے کے بعد، پرجول ریونا ہندوستان واپس آنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ سابق چیف منسٹر ایچ ڈی کمارسوامی کی اپنے بھتیجے سے واپس لوٹنے اور تحقیقات میں تعاون کرنے کی اپیل کے بارے میں پوچھے جانے پر انہوں نے اسے ذاتی خاندانی معاملہ قرار دیا۔ فون ٹیاپنگ کے الزامات کا جواب دیتے ہوئے ڈاکٹر پرمیشور نے کسی بھی قسم کی شمولیت سے سختی سے انکار کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کسی بھی فون ٹیاپنگ میں ملوث نہیں ہے۔ اگر دیوے گوڑا خاندان کو اس بارے میں کوئی شک ہے، تو ہم ان سے ثبوت پیش کرنے کی درخواست کرتے ہیں اور ہم اس کی مکمل تحقیقات کے پابند ہیں۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر پرمیشور نے ذکر کیا کہ خصوصی تحقیقاتی ٹیم (ایس ائی ٹی) کو مبینہ طور پر کرناٹک کے ڈپٹی چیف منسٹر ڈی کے شیوکمار سے جڑے ایک آڈیو کلپ کی تحقیقات کا کام سونپا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس آئی ٹی کو ایک جامع تحقیقات کرنے کے مکمل اختیارات دیے گئے ہیں۔ پرمیشور نے ان الزامات کو مسترد کردیا کہ کانگریس پارٹی کرناٹک میں جنتا دل سیکولر (جے ڈی-ایس) کو ختم کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ انہوں نے کہا، ہماری سب سے بڑی ترجیح گڈ گورننس کو برقرار رکھنا ہے۔ ملک کرناٹک کانگریس حکومت کے کاموں کو قریب سے دیکھ رہا ہے۔

عوام کے تحفظ کا الیکشن، عوام کو اپنی ریاست میں کام ملے گا: امیت شاہ

مودی نے اوڈیشہ کے غریب اور قبائلی خاندان کی بیٹی دروپدی مرموجی کو صدر بنا کر ریاست کا نام روشن کیا

کٹک، 21 مئی۔(ایجنسیز) مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی مہاپربھو کی رتن بھنڈار کی چابیاں گم ہونے کا معاملہ اٹھایا اور نوین پٹنائک حکومت پر حملہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہاں فرضی چابیاں بنائی گئی ہیں۔ کوئی نہیں بتاتا کہ رتن بھنڈار کتنی بار کھلا۔ رتن بھنڈار کی تحقیقاتی رپورٹ چھپائی گئی ہے۔ اس کیساتھ ہی امت شاہ نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ ریاست میں جیسے ہی بی جے پی کی حکومت آئے گی، رتن بھنڈار کے ایک ایک پیسے کا حساب عوام کے سامنے رکھا جائے گا۔ امت شاہ نے کہا کہ ہم ایسا اوڈیشہ بنانا چاہتے ہیں، جہاں کسی بھی نوجوان کو اپنا خاندان چھوڑ کر کسی دوسری ریاست میں مزدور کے طور پر کام کرنے نہ جانا پڑے۔ اسے اپنی ریاست میں کام ملنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مودی جی نے ہمیشہ اڑیہ زبان اور ثقافت کے فخر کو بڑھانے کا کام کیا ہے۔ مودی جی نے ہمارے اوڈیشہ کے ایک غریب اور قبائلی خاندان کی بیٹی دروپدی مرموجی کو صدر بنا کر پورے اوڈیشہ کو عزت دینے کا کام کیا ہے۔ سنبل پور میں ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا کہ یہ الیکشن عوام کو محفوظ بنانے کیلئے ہے۔ ملک ہے۔ یہ ملک کی ثقافت کے تحفظ کا الیکشن ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ملک بھر میں انتخابات کے 5 مراحل ختم ہو چکے ہیں اور مودی جی ان 5 مرحلوں میں 310 کو پار کر چکے ہیں، اب مودی جی کو چھٹے اور ساتویں مرحلے میں 400 کو پار کرنا ہے۔

اتر پردیش ریاست کے ہر مافیا کا سماج وادی پارٹی سے گہرا رشتہ: چیف منسٹر یوگی

سدھارتھ نگر، 21 مئی۔(ایجنسیز) اتر پردیش کے وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے سماج وادی پارٹی (ایس پی) پر مافیاؤں کو پناہ دینے کا الزام لگاتے ہوئے منگل کو کہا کہ ابھی بھی ہر مافیا ایس پی سے تعلق رکھتا ہے۔ عوامی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کانگریس اور ایس پی کے لوگ دہشت گردوں کے آقا اور مافیا کے سرپرست ہیں۔ ہر مجرم و مافیا 2017 کے پہلے عوام کا خون چوستا تھا۔ وصولی کرتا تھا۔ بیٹی کی سیکورٹی کیلئے خطرہ تھا۔ آج مافیا کو الٹا ٹانگنے اور اس کا صفایا کرنے پر ایس پی کو درد ہوتا ہے۔ ہمیں مافیا کے معاون، سرپرست، دہشت گردوں کے آقاؤں کو اقتدار پر قابض نہیں ہونے دینا ہے۔ ایس پی اور کانگریس کا اتحاد بے معنی ہے۔ جب مرکز میں کانگریس کی حکومت تھی اور ریاست میں ایس پی کی حکومت تھی تو ایودھیا میں شری رام جنم بھومی، کاشی میں سنکٹ موچن، ایودھیا، لکھنؤ اور وارانسی کی عدالتوں پر دہشت گردانہ حملے ہوئے تھے۔ سی ایم بنتے ہی اکھلیش یادو نے دہشت گردوں کیخلاف درج مقدمات واپس لینے کا کام کیا۔ تب عدالت نے کہا تھا کہ دہشت گرد آزاد نہیں ہوں گے، حکومت کو شرم آنی چاہیے۔ عوام جانتے ہیں کہ ایس پی اور مافیا کا گہرا رشتہ ہے۔ ریاست کا ہر مافیا ایس پی کا ہے۔ ایس پی کی ہمدردیاں سماج کے تاجروں کی بیٹیوں کی حفاظت کے لیے نہیں، مافیا کے ساتھ ہیں۔ اسی لئے ریاست کی عوام نے انہیں سال 2014، 2017، 2019، 2022 میں انہیں خارج کردیا۔

سری نگر جموں قومی شاہراہ پر ٹریفک کی نقل وحمل مکمل طور پر بند

سری نگر، 21 مئی۔(ایجنسیز) وادی کشمیر کو ملک کے باقی حصوں کیساتھ جوڑنے والی سری نگر جموں قومی شاہراہ پر منگل کو ٹریفک کی نقل وحمل معطل کر دی گئی ہے۔ جموں وکشمیر ٹریفک پولیس نے 'ایکس' پر ایک پوسٹ میں کہا کہ قومی شاہراہ پر کسی بھی گاڑی کو چلنے کی اجازت نہیں ہے اور خانہ بدوشوں اور سیکورٹی فورسز کی آمد و رفت بھی بند ہے۔ حکام نے قومی شاہراہ بند رکھنے کی وجہ نہیں بتائی ہے۔ انہوں نے تاہم جنوبی کشمیر کے ضلع شوپیاں کو صوبہ جموں کے پونچھ اور راجوری اضلاع کے ساتھ جوڑنے والے تاریخی مغل روڈ اور سری نگر لیہہ شاہراہ پر ٹریفک کی نقل وحمل حسب معمول جاری رہے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ بھدرواہ-چمبا روڈ بھی ٹریفک کے لئے کھلا رہے گا۔

تریپورہ کا انسانی اسمگلر این آئی اے کی حراست میں

اگرتلہ، 21 مئی۔(ایجنسیز) قومی تحقیقاتی ایجنسی نے بدنام مبینہ اسمگلر حنان میاں (41) کو حراست میں لے لیا ہے، جسے گزشتہ ہفتے گرفتار کیا گیا تھا۔ مقامی عدالت سے حوالگی کی اجازت ملنے کے بعد این آئی اے کی ٹیم اسے گوہاٹی لے گئی ہے اور اسے منگل کے روز عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ اس سے پہلے، این آئی اے نے تریپورہ پولس کی خفیہ معلومات کی بنیاد پر گزشتہ چھ مہینوں میں دو دھاووں میں سرحدی مقامات سے ریاست کے تقریباً 29 باشندوں کو گرفتار کیا تھا، جو مبینہ طور پر سرحدی علاقوں سے روہنگیا، بنگلہ دیشی شہریوں اور غربت زدہ خاندانوں کی خواتین کی اسمگلنگ میں ملوث تھے۔ اگر چہ حنان میاں کو پچھلے سال انسانی اسمگلنگ کے ایک کیس میں ملزم بنایا گیا تھا اور این آئی اے نے اسے ڈھونڈنے کے لیے ایک لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا تھا، لیکن اس کے بعد سے اس کا سراغ نہیں لگایا جا سکا ہے۔ دوسرے مجرموں کی طرح اس نے بھی بنگلہ دیش میں پناہ لے رکھی تھی۔